O

پورا سچ جب سامنے آ موجود ہوا
ہست ہست کہتے کہتے میں بود ہوا

کتنا غم واپس کر دوں، کتنا رکھ لوں؟
اصلی زَر کتنا تھا، کتنا سود ہوا؟

دِل اک دُکھ سے کانپ رہا تھا پہلے بھی
اس پر تیرا غم بھی آ موجود ہوا

https://emad-ahmad.com/

تیری باتیں ایسے بھی چنگاری ہیں
میرا سینہ ویسے بھی بارود ہوا

عمر تو لمحہ لمحہ اک ہنگامہ تھی
آخری ہچکی لی تو کچھ آسود ہوا

آؤ عماد احمد تنہا خوش رہتے ہیں
سب ملنا، ملوانا تو بے سود ہوا

https://emad-ahmad.com/